22389 ـ چاشت کی نماز کا وقت

سوال

اشراق اور چاشت کی نماز کا مناسب وقت کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اشراق کی نماز اول وقت میں ادا کرنا ہی چاشت کی نماز ہے، اور یہ دو مختلف نمازیں نہیں، اس کا نام اشراق اس لیے رکھا گیا ہے کہ یہ سورج نکلنے اور بلند ہونے کے بعد ادا کی جاتی ہے.

شیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

اول وقت میں چاشت کی نماز ادا کرنا اشراق کی نماز کہلاتا ہے.

دیکھیں: مجموع فتاوی الشیخ ابن باز (11 / 401).

اور چاشت کی نماز کا وقت سورج کےطلوع اور اس کے بلند ہونے سے لیکر ظہر کی نماز سے قبل تک رہتا ہے.

اور شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی نے اس کا اندازہ لگایا ہے کہ:

تقریبا سورج طلوع ہونے کے پندرہ منٹ بعد سے لیکر نماز ظہر سے تقریبا دس منٹ قبل تک ہے.

دیکھیں: الشرح الممتع (4 / 122).

تو یہ سارا وقت چاشت کی نماز کا ہے.

(اور افضل یہ ہے کہ اس کی ادائیگی سورج کی گرمی ہونے کے بعد ہو کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" اوابین کی نماز اس وقت ہے جب اونٹ کا بچہ ریت گرم ہونے سے اپنے پاؤں اٹھائے"

صحيح مسلم حديث نمبر (748).

اور الفصال: اونٹ كے بچے كو كہتے ہيں، اور ترمض كا معنى يہ ہے كہ جب اسے سورج كى گرمى لگے.

ديكھيں: مجموع فتاوى ابن باز (11 / 395).

اور علماء كرام نے اس كا اندازہ دن كا چوتھائى حصہ لگايا ہے، يعنى ظہر اور طلوع شمس كے مابين نصف وقت.

ديكھيں: المجموع للنووى (4 / 36) اور الموسوعة الفقهية (27 / 224)

واللہ اعلم .